AKASHVANI NEWS SRINAGAR

Text of Urdu News Bulletin
Dated : 04-10-2026
Time : 09:25 AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں مسرت شاہ

احتجاج

وزارت خارجہ نے پاکستان کے سفیر کو طلب کر کے سرحد پار سے سے غیر قانونی طور پر دراندازی کیلئے حمایت دینے کے خلاف بھارت کا سخت احتجاج درج کرایا۔ بھارت نے ساتھ ہی پنجاب کے فیروز پور سیکٹر میں بین الاقوامی سرحد کے متصل ایک واقعہ کی نسبت سے لگائے گئے الزامات کو بھی سرے سے ہی مسترد کر دیا۔

وزارت خارجہ نے بتایا کہ پاکستان کو یہ باور کرایا گیا کہ وہ اپنی طرف سے منشیات اور غیر قانونی دراندازی کو روکنے کیلئے سرحدوں کی حفاظت کرنے والے اپنی فورسز کو جواب دہ اور اس سلسلے میں باہمی معاہدوں کی پاسداری کو یقینی بنائے۔

سکینہ ایتو

تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے لڑکیوں کو تعلیم اور کھیل کود کے ذریعے بااختیار بنانے کی ضرورت اجاگر کی ہے۔ وہ، نیٹ کے حالیہ امتحان اور مختلف کھیل مقابلوں میں نمایاں کارکردگی دکھانے والی لڑکیوں کی حوصلہ افزائی کیلئے 'بیٹی بچاؤ، بیٹی پڑھاؤ' پہل کے تحت گورنمنٹ ڈگری کالج کولگام میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران اظہار خیال کر رہی تھیں۔

وزیر موصوفہ نے ساتھ ہی ضلعے کے 'شری نذیر احمد وانی ہائر سکینڈری سکول میں لڑکیوں کیلئے انڈر **17** نیٹ بال ٹورنامنٹ کا بھی افتتاح کیا۔

ستیش شرما

خوراک، شہری رسد و امور صارفین کے وزیر ستیش شرما نے کہا ہے کہ حکومت ترقی کو زمینی سطح تک پہنچانے اور بنیادی ڈھانچے کی کمی کو دور کرنے کے لئے پر عزم ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ ترقیاتی منصوبہ بندی کو زمینی حقائق سے ہم آہنگ رکھنے کے لیے عوامی شرکت انتہائی اہم ہے۔

انہوں نے حلقہ انتخاب چھمب کے مختلف علاقوں کا دورہ کر کے 3 کروڑ روپے سے زائد مالیت کے مختلف

ترقیاتی کاموں کا افتتاح اور سنگ بنیاد رکھا۔ اس موقعہ پر وزیر موصوف نے عمل درآمد کرنے والے اداروں اور فیلڈ عملے پر زور دیا کہ وہ ترقیاتی کاموں کے نفاذ کے دوران آپسی تال میل برقرار رکھیں۔

ملاقات

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا سے سرینگر میں کئی اہم شخصیات اور وفود نے ملاقات کی۔ ملاقات کرنے والوں میں ریلوے اور جل شکتی کے وزیر مملکت وی سومنہ // کشمیر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر جاوید احمد ٹینگہ // یوتھ بی جے پی لیڈر سحر خان // اور روٹری کلب آف کشمیر کے صدر ڈاکٹر توصیف بٹ شامل تھے۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے زور دیکر کہا ہے کہ مختلف اسکیموں کی عمل آوری کا مقصد صرف طبعی اہداف کا حصول نہیں ہونا چاہئے بلکہ ان کے فوائد مستحقین تک پہنچانے پر بھی اصل توجہ مرکوز ہونی چاہئے۔

ایس کے آئی سی سی سرینگر میں اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کے دوران جموں وکشمیر میں مرکز کی معانت والی اسکیموں کی عمل آوری اور ترقیاتی عمل پر جاری پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے انہوں نے سبھی سکیموں اور فلاحی پروگراموں کی عمل آوری میں سرعت لانے کی بھی تاکید کی۔

میٹنگ کی صدارت مرکزی وزارت داخلہ میں ایڈیشنل سیکریٹری نتیش ویاس نے کی۔ انہوں نے بھی تمام اسکیموں کی مؤثر عمل آوری اور اہداف کے بروقت حصول کی ہدایات دیں۔ میٹنگ میں جموں وکشمیر میں واٹر ٹرانسپورٹ اور اندرونی آبی ذخائر کی ترقی پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

یوم جانور

آج جانوروں کا عالمی دن ہے۔ یہ دن ہمیں جانوروں کی بہبود، ان کا تحفظ یقینی بنانے اور ان کے تئیں نرمی اور ہمدردی کے ساتھ پیش آنے کی ترغیب دیتا ہے۔ اس دن جانوروں کے حقوق اور ان پر ہو رہے استحصال سے اجتناب کرنے کی بھی یاد دہانی کرائی جاتی ہے۔ دنیا کے مختلف مذاہب نے جانوروں کے ساتھ نرمی سے پیش آنے کی تاکید کی ہے۔ غور طلب ہے کہ کرۂ ارض پر قدرتی ماحول میں توازن برقرار رکھنے کیلئے حیوانوں کا کلیدی رول ہے۔

ورکشاپ

محکمہ دیہی ترقیات پلوامہ کی جانب سے VB-GRAM G کے تحت وکسِت گرام پنچایت پلان کے موضوع پر ایک روزہ ضلعی سطح کا ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ اس دوران افسروں نے ترقیاتی کاموں کی منظم منصوبہ بندی، مؤثر عملدرآمد اور بروقت نگرانی کو یقینی بنانے کے لیے متعلقہ محکموں کے درمیان بہتر تال میل کی ضرورت اجاگر کی۔ ورکشاپ میں ضلع

بھر کے بلاک ڈیولپمنٹ افسروں اور دیگر محکموں کے عہدیاروں اور ملازمین نے شرکت کی۔

تعارفی پروگرام

ٹورسٹ پولیس کشمیر کی جانب سے زبرون پارک سرینگر میں ایک تعارفی پروگرام کا انعقاد کیا گیا جس کا مقصد محکمہ سیاحت، ٹورسٹ پولیس اور دیگر متعلقین کے مابین بہتر تال میل قائم کرنا تھا اور ساتھ ہی کشمیر آنے والے سیاحوں کے لیے محفوظ اور خوشگوار تجربے کو یقینی بنانا تھا۔ پروگرام میں محکمہ سیاحت، ٹورسٹ پولیس، متعلقہ شعبوں کے نمائندگان، سروس فراہم کرنے والوں اور سیاحوں نے شرکت کی۔

DC کپوارہ

ڈپٹی کمشنر کپواڑہ شری کانت سوسے نے ضلع کے دیہی علاقوں میں رہائش پزیر لوگوں پر زور دیا ہے کہ وہ ترقیاتی منصوبہ بندی کے لیے گرام سبھاؤں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ وہ پنچایت گھر سلکوٹ میں منعقدہ گرام سبھا کی مرکزی تقریب کی صدارت کر رہے تھے۔ اس دوران ضلعے کے دیگر علاقوں میں بھی ملک گیر ریفارم اتسو اور سوچھتا ہی سیوا مہم کے تحت تمام بلاکوں اور پنچایتوں میں خصوصی مہا گرام سبھاؤں کا انعقاد کیا۔

میراتھن

آج بانڈی پورہ میں وُلر میراتھن کے تیسرا مرحلہ منعقد ہوا۔ **25** کلومیٹر مسافت والی اس دوڑ میں آج بھی سینکڑوں کی افراد نے شرکت کی۔ دوڑ کے پیش نظر ٹریفک پولیس رورل کشمیر نے میراتھن روٹ پر آج صبح **5** بجے سے دوپہر **2** بجے تک گاڑیوں کی آمدورفت معطل رکھی ہے۔ لوگوں سے کہا گیا ہے کہ وہ اس ایڈوائزری پر سختی کے ساتھ عمل کریں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **11** اعشاریہ **7** ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **22** اعشاریہ **5** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ